# THE INTELLECT BULLETIN

MONTHLY | NOVEMBER 2014 | MUHARRAM 1436 A.H | FAHMEDEEN.ORG




No one makes a lock without a key. That's why Allah ﷻ won't give you problems without a solution.

"it is difficult to be patient, but to waste the rewards for patience is worse."
Hazrat Abu Bakr رضي الله عنه



## News & Views

# Letter of a Revert Muslim

**Theresa Corbin is a writer living in New Orleans. She is the founder of Islamwich and a contributor to On Islam and Aquila Style. A version of this piece first appeared on CNN iReport.**

I am a Muslim, but I wasn't always. I converted to Islam in November 2001, two months after 9/11.

I was 21 and living in Baton Rouge, Louisiana. It was a bad time to be a Muslim. But after four years of studying, poking and prodding at world religions and their adherents, I decided to take the plunge.

I am the product of a Creole Catholic and an Irish atheist. I grew up Catholic, and then was agnostic, now I'm Muslim.

My journey to Islam began when I was about 15 years old in Mass and had questions about my faith. The answers from teachers and clergymen -- don't worry your pretty little head about it -- didn't satisfy me.

So I did what any red-blooded American would do: the opposite. I worried about it. For many years. I questioned the nature of religion, man and the universe.

After questioning everything I was taught to be true and digging through rhetoric, history and dogma, I found out about this strange thing called Islam. I learned that Islam is neither a culture nor a cult, nor could it be represented by one part of the world. I came to realize Islam is a world religion that teaches tolerance, justice and honor and promotes patience, modesty and balance.



As I studied the faith, I was surprised many of the tenants resonated with me. I was pleased to find that Islam teaches its adherents to honor all prophets, from Moses to Jesus to Mohammed, all of whom taught mankind to worship one God and to conduct ourselves with higher purpose.

I was drawn to Islam's appeal to intellect and heartened by the prophet Mohammed's quote, "The acquisition of knowledge is compulsory for every Muslim, whether male or female."

I was astounded that science and rationality were embraced by Muslim thinkers such as Al-Khawarizmi, who invented algebra; Ibn Firnas, who developed the mechanics of flight before Leonardo DaVinci; and Abu al-Qasim al-Zahrawi, who is the father of modern surgery.

Here was a religion telling me to seek out answers and use my intellect to question the world around me.

### Taking the plunge

It was 2001, and I had been putting off converting for a while. I feared what people would think but was utterly miserable. When 9/11 happened, the actions of the hijackers horrified me. But in its aftermath, I spent most of my time defending Muslims and their religion to people who were all too eager to paint a group of 1.6 billion people with one brush because of the actions of a few.

I was done being held hostage by the opinions of others. In defending Islam, I got over my fear and decided to join my brothers and sisters in the faith I believed in.

My family did not understand, but it wasn't a surprise to them since I had been studying religion. Most were very concerned for my safety. Luckily, most of my friends were cool about it, and even curious to learn more.

(To be continued...)

# Low-tech Parents

**We have a strict no-screen-time-during-the-week rule for our kids**



When asked that your kids must really love the IPad in 2010 at its launch, Steve Jobs replied "They haven't used it". "We limit how much technology our kids use at home."

Yet these tech CEOs seem to know something the rest of us don't.

Chris Anderson, the former editor of Wired and now chief executive of 3D Robotics, a drone-maker, has instituted time limits and parental controls on every device in his home.

"My kids accuse me and my wife of being fascists and overly concerned about tech, and they say that none of their friends have the same rules," he said of his five children, 6-17. "That's because we have seen the dangers of technology firsthand. I've seen it in myself, I don't want to see that happen to my kids."

The dangers he is referring to include exposure to harmful content like pornography, bullying from other kids, and perhaps worse of all, becoming addicted to their devices, just like their parents.

Alex Constantinople, the chief executive of the OutCast Agency, a tech-focused communications and marketing firm, said her youngest son, who is 5, is never allowed to use gadgets during the week, and her older children, 10-13, are allowed only 30 minutes a day on school nights.

Evan Williams, a founder of Blogger, Twitter and Medium, and his wife, Sara Williams, said that in lieu of iPads, their two young boys have hundreds of books (yes, physical ones) that they can pick up and read anytime Page 2













# FACTS, EVENTS & BELIEFS

## The Month of 'Aashoora



Muharram, the first month of the lunar calendar, is one of the four sacred months out of twelve. After Ramadan, fasting in the month of Muharram is most rewarding.

### Facts about Ashura – the 10th of Muharram

Fasting on the 10th Muharram i.e. Ashura was obligatory on the Muslims before the fasts of Ramadan were made obligatory. It is not obligatory now.

Fasting on the 10th of Muharram expiates the sins of the previous year. Musa m and the Bani Israel were saved from the Pharaoh by the parting of the sea on 10th Muharram.

Prophet Musa m as a sign of gratitude to Allah used to fast on the day of Ashura and Jews did the same.

Prophet Muhammad g on hearing the fast of Musa m also ordered the Muslims to fast on this day and he did the same.

Prophet Muhammad g decided to fast on 9th Muharram as well to differentiate from the Jews but he passed away before he could do so.

### Misconceptions about Ashura

- This is the day Prophet Adam m was created
- This is the day when Allah accepted the repentance of Adam m
- This is the day when Ibrahim m was born.
- This is the day the Qayamat (doomsday) will occur (from hadiths we know that the Day of Judgment will occur on a Friday, but does not specify which month).
- Whoever baths of Ashura will never get ill.
- Muharram is an evil or unlucky month (due to the battle of Karbala)
- Marriages should not be held in Muharram.

### Historical Facts about Muharram

- Companion Umar Farooq h succumbed to his injuries and attained Martyrdom on the 1st of Muharram, 23 AH (After Hijri)
- Grandson of Prophet Muhammad g Hussain ibn Ali h along with most of his family members was martyred in the desert of Kerbala in Iraq on the 10th of Muharram.





Designing & Illustration by naqash 03100 2037 22


## Bait-us-Salam Updates

# The Intellect School Eid Milan

Friday, 22nd of Zilhajj 1435, 18th of October 2014, dawned bright and beautiful. It was the perfect morning to party. So, that is exactly what The Intellect School did. The students celebrated a much awaited Eid Get together, with extreme zeal and zest.

There were jumping castles and rows and rows of all kinds of stalls imaginable. From the traditional henna stall (for what Eid celebration is complete without it) to games and what not. There was a little something for everyone. One could pin the donkey's tail, show their skills at bowling and miniature golf, try your aim at striking the stack of cans, or travel the world in ten seconds or less. Feeling hot after all the games? Just grab an ice lolly, and they were good to go for another round of activities.

After exhausting every gaming option available, students went back to their respective classes. And what classes! It was a complete transformation. Balloons, streamers, confetti, ornaments of different shapes and sizes - it was a breathtaking kaleidoscope of colors!




Then came the food. And what a plethora of food it was, MashaAllah! From pizza and pasta to french fries and brownies - there was a little something of everything.

Later, when the students were asked how the day went, their reply was a heartwarming chorus of "Amazing".

# Bait-us-Salam Welfare Trust: Group Sacrifice on Eid-ul-Adha

Like every year since its inception, this year too collective sacrifice was arranged throughout Pakistan. Arrangements were made in every BSWT Quran Institute in the country under the supervision of it's head and three selected persons of the area. The objective being to ensure all such households, which otherwise cannot afford sacrificial meat, get to have some.

Sacrificial animals were bought by the BSWT team in Karachi and in other areas personally and all work was carried out very efficiently and with pure dedication.



# دی انٹیلیکٹ بلیٹن

ماہنامہ | نومبر 2014 | محرم الحرام 1435 | FAHMEDEEN.ORG




باحیا بیٹی کے دل میں صرف ایک شوہر کی محبت ہوتی ہے
اور حیا سے محروم کے دل میں نہ جانے کتنوں کی

گھروں کو بربادی سے بچانے والی ایک شاہ کار تحریر **کامیاب شادیاں** صفحہ 3 پر ملاحظہ فرمائیں



اگر حسینؓ ہمیں لکھ کر دے دیں تو تمہاری اور ہماری نجات کا وسیلہ بن جائے گا

صحابہ کرامؓ نبی اکرم ﷺ اور اہل بیت کی غلامی کو اپنے لیے دنیا و آخرت کا اعزاز سمجھتے تھے

رسول ﷺ اور اہل بیت کی عظمت و محبت ایک مومن کا پاور ہاؤس

صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ فرمائیں

## یورپی یونین میں شامل مغربی یورپ کے پہلے ملک سویڈن نے فلسطین کو علیحدہ ریاست تسلیم کرنے کا سرکاری طور پر اعلان کر دیا

### ہمارا یہ اقدام فلسطین کے حقِ خود ارادی کی تصدیق کرتا ہے: سویڈش وزیرِ خارجہ، اس سے تنازعے کو حل کرنے کی کوششوں کو نقصان پہنچے گا: اسرائیلی وزیرِ خارجہ

### سویڈن کا فیصلہ جرأت مندانہ ہے، اُن تمام ممالک کو سویڈن کی پیروی کرنی چاہیے، جو ابھی تک ہماری آزادی کے حق کو تسلیم کرنے میں ہچکچاہٹ کا شکار ہیں: فلسطینی صدر محمود عباس



سویڈن (مانیٹرنگ ڈیسک) سویڈن نے سرکاری طور پر فلسطین کو علیحدہ ریاست کے طور پر تسلیم کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ سویڈن یورپی یونین میں شامل ہے اور مغربی یورپ کا پہلا ملک ہے، جس نے فلسطین کو علیحدہ ریاست کے طور پر تسلیم کیا ہے۔ اس سے پہلے مشرقی یورپ اور بحیرہ روم کے سات یورپی ممالک فلسطین کو علیحدہ ریاست کے طور پر تسلیم کر چکے ہیں۔ ان ممالک میں ہنگری، بلغاریہ، چیک ریپبلک، مالٹا، پولینڈ، قبرص اور رومانیہ شامل ہیں، یورپی اتحاد سے باہر آئس لینڈ بھی فلسطینی ریاست کو تسلیم کر چکا ہے۔ دنیا بھر میں مجموعی طور پر سو کے قریب ملک فلسطین کو علیحدہ ریاست کے طور پر تسلیم کر چکے ہیں۔ فلسطینی حکام نے سویڈن کے اعلان کو تاریخی قرار دیا ہے، جب کہ اسرائیل نے مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے اسے افسوس ناک قرار دیا ہے۔ سویڈن کی وزیرِ خارجہ مارگوٹ والسٹروم نے معروف روزنامہ داغنیز دانہتر میں لکھا ہے: "آج حکومت نے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔" سویڈش وزیرِ خارجہ نے مزید کہا کہ یہ ایک اہم قدم ہے جو فلسطین کے حقِ خود ارادی کی تصدیق کرتا ہے۔ "فلسطینی صدر محمود عباس نے سویڈن کے فیصلے کو جرأت مندانہ اور تاریخی قرار دیتے ہوئے دوسرے ممالک سے بھی اس کی تقلید کرنے کو کہا ہے۔ محمود عباس کے ترجمان نے اُن کا بیان سناتے ہوئے کہا: "دنیا کے اُن تمام ممالک کو سویڈن کی پیروی کرنی چاہیے جو اب بھی 1967ء کی سرحدوں کی تعین کے مطابق فلسطینی ریاست کی بنیاد پر ہماری آزادی کے حق کو تسلیم کرنے میں ہچکچاہٹ کا شکار ہیں۔

## اسلامی فنِ تعمیر کی شاہ کار اور مسلمانوں کی تاریخی مسجد، مسجدِ قرطبہ کو آئندہ دو برسوں میں چرچ کے حوالے کرنے کی منصوبہ بندی

### مسجدِ قرطبہ کو چرچ کے حوالے نہ کیا جائے، اس گھناؤنی حرکت کے خلاف اب تک سوا تین لاکھ افراد نے آن لائن درخواست دائر کی ہے

سپین کے شہر قرطبہ میں واقع مسجدِ قرطبہ کو اسلامی فنِ تعمیر کا شاہکار تسلیم کیا جاتا ہے اور یہ دنیا کی قدیم ترین مساجد میں سے ایک ہے۔ یہ عمارت تیرہویں صدی عیسوی سے قبل مسجد ہوا کرتی تھی۔ اس کی تعمیر آٹھویں صدی میں مسلم حکم رانوں نے کی تھی، جنھوں نے کئی صدیوں تک سپین پر حکومت کی اور اس ملک کو اس زمانے میں اندلس کہا جاتا تھا۔ مسجد قرطبہ کے ساتھ ایک سانحہ اس وقت پیش آیا جب پندرہویں اور سولہویں عیسوی میں کیتھولک عیسائیوں نے اس کے مرکز میں ایک گرجا گھر تعمیر کر لیا اور



اب اس میں روزانہ مسیحی عبادت ہوتی ہے۔ ابھی یہ عمارت کسی کی ملکیت نہیں ہے، تاہم اسپین کا چرچ اس کے انتظام کا ذمہ دار ہے اور ملک کے قانون کے تحت یہ تاریخی عمارت آئندہ دو برسوں میں چرچ کی ملکیت بن جائے گی۔ اس گھناؤنی حرکت کے خلاف تقریباً سوا تین لاکھ افراد نے آن لائن عرضی میں درخواست کی ہے کہ اس فیصلے کو روک دیا جائے۔ سپین کی ایک شہری مارٹا جیمینیز نے کہا کہ اس کے بعد یہ عمارت صرف کیتھڈرل رہ جائے گی اور اس کے ساتھ منسلک مسجد کا نام ہٹا دیا جائے گا۔ ہمارے خیال میں ((بقیہ نمبر3 صفحہ 3 پر)

## پٹھوں کو مفلوج کر کے "منجمد چہرے" خوب صورت ضرور، مگر محبت اور چاہت کے اظہار سے خالی

### نوجوانوں کو کاسمیٹک وجوہات کی بنا پر بوٹوکس کے انجکشن لگانا اخلاقی طور پر جرم ہے: برطانوی پلاسٹک سرجنز

برطانیہ (مانیٹرنگ ڈیسک) جرنل آف ایستھیٹک نرسنگ میں تحریر کردہ مضمون میں ماہرین کا کہنا ہے کہ 25 سال سے کم عمر کے افراد میں جھریاں ختم کرنے کے لیے استعمال ہونے والے بوٹوکس انجکشن لگانے کا رواج بڑھ رہا ہے، تاہم تحقیق کاروں کے مطابق یہ "منجمد چہرے" نوجوان افراد کو جذبات کے مکمل اظہار سے روک سکتے ہیں۔ برطانیہ میں پلاسٹ سرجنوں کی تنظیم کا یہ بھی کہنا ہے کہ بوٹوکس کے انجکشن لگانا "اخلاقی طور پر غلط" ہے۔ بوٹوکس اور اس قسم کے دیگر مادے انسانی پیشانی اور چہرے کے پٹھوں کو عارضی طور پر مفلوج کر کے جھریاں پڑنے کا عمل کم کر دیتے ہیں۔ اس تحقیق کی مصنفہ ہیلن کولیئر کا کہنا ہے کہ ٹی وی پر آنے والے (بقیہ نمبر2 صفحہ 3 پر)



## درد کش ادویہ کا زاید استعمال، سالانہ 69 ہزار افراد کی موت کا باعث

### ایڈز کے بعد سب سے زیادہ ہلاکتیں ادویہ کے زیادہ استعمال کے باعث ہو رہی ہیں

عالمی ادارہ صحت کا کہنا ہے کہ دنیا بھر میں ہر سال 69 ہزار کے قریب افراد درد رفع کرنے والی ادویہ کی زیادہ مقدار استعمال کرنے کے باعث اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ ان ادویہ میں افیون کا استعمال عام ہوتا ہے۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق عالمی ادارہ صحت کے ماہر نکولس کلارک کا کہنا ہے کہ امریکا میں سب سے زیادہ بکنے والی ادویہ افیون کے مرکبات پر مشتمل ہوتی ہیں۔ کلارک کا کہنا تھا کہ چند دہائیں قبل دنیا بھر میں زیادہ تر اموات ہیروئن کے استعمال کے باعث ہو رہی ہیں۔ کلارک کے مطابق ایسی ادویہ کا استعمال دنیا بھر میں سب سے زیادہ امریکا، چین، ایران اور روس میں کیا جارہا ہے جو کہ لمحہ فکریہ ہے۔






## بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ کے تحت ملک بھر میں بڑے پیمانے پر منظم اور شفاف انداز میں اجتماعی قربانی کا اہتمام

### بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ نے پورے ملک میں ۱۲،۷۹۶ گھرانوں کے ۷۶،۳۶۹ مستحق افراد کو مخیر حضرات کی طرف سے قربانی کے بابرکت گوشت کا تحفہ دیا

### کراچی کے مضافات میں ۹۸۲۸ افراد، سندھ میں ۲۴،۴۳۰، پنجاب میں ۱۵،۴۵۰، خیبر پختون خواہ میں ۱۱،۸۸۰، بلوچستان میں ۱۴،۳۵۰ اور صوبہ گلگت بلتستان میں ۴،۴۳۱ افراد کو گوشت کی فراہمی




بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ نہ صرف یہ کہ مصیبت زدہ اور آفت زدہ افراد کی اشک شوئی میں ہمیشہ پیش پیش رہتا ہے، بلکہ غریب اور مستحق افراد کی مناسب مدد کا بھی کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتا، بل کہ سچی بات یہ ہے کہ دنیا بھر میں کہیں بھی مسلمانوں کی بالخصوص اور انسانیت کی بالعموم کوئی بھی دنیاوی تکلیف یا دین سے دوری اور محرومی اس سے دیکھی نہیں جاتی۔ اگر اس کا بس چلے اور اللہ کی توفیق شاملِ حال ہو تو یہ پوری دنیا کے غم سمیٹ کر خوشیوں کے تحائف سے اِن کو مالا مال کر دے۔ اسی جذبہ کے تحت بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ نے ہر بار کی طرح اس بار بھی ملک بھر میں بڑے پیمانے پر اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا۔ ہر شہر میں بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ نے اپنے قائم کردہ قرآنی مرکز میں اجتماعی قربانی کا نظم کیا اور وہاں کے استاد اور ہر علاقے کی تین معزز شخصیات کو جانور کے قربان کرنے اور گوشت تقسیم کرنے کے نظم کا نگران بنایا۔ اس کا مقصد کسی بھی بد نظمی اور ناخوش گوار واقعے سے لوگوں کو بچانا اور مستحق افراد تک بالخصوص اور ہر گھرانے تک بالعموم مخیر حضرات کی طرف سے قربانی کے بابرکت گوشت کے تحفے کو احسن انداز میں پہنچانا ہے۔ منڈی سے جانور خریدنے سے لے کر مستحق افراد کے گھر گوشت پہنچنے تک کے پورے عمل کی نگرانی علاقوں کے نگران حضرات، صوبوں کے ذمہ داران اور کراچی سے بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ کی مسؤل ٹیم براہِ راست کر رہی ہوتی ہے، تاکہ جانور کی خریداری، گوشت کی تقسیم اور مستحق افراد تک رسائی کے عمل کو شفاف سے شفاف تر بنایا جا سکے۔ مختلف علاقوں میں گوشت وصول کرنے والے مستحق افراد نے مختلف انداز میں بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ اور اس میں تعاون کرنے والے مخیر حضرات کے لیے اپنے دِلی جذبات کا اظہار کیا۔

### پاکستان بھر میں اجتماعی قربانی کا چارٹ

| صوبہ سندھ | گھرانے | افراد |
|---|---|---|
| کراچی کے مضافات 35 علاقے | 2,429 | 9,828 |
| میر پور خاص | 1,540 | 8,000 |
| عمر کوٹ سندھ | 1,000 | 6,010 |
| فیض گنج سندھ | 305 | 1,900 |
| ٹھل جیکب آباد | 398 | 2,500 |
| سندھ کے دیگر علاقوں میں | 340 | 6,020 |
| **صوبہ پنجاب** | | |
| جامعہ بیت السلام تلہ گنگ 26 علاقے | 1,000 | 7,500 |
| صوبہ پنجاب کے مختلف شہروں میں | 448 | 7,950 |
| **صوبہ خیبر پختون خواہ** | | |
| متاثرین شمالی وزیرستان (بنوں) | 800 | 4,200 |
| چترال | 1,160 | 7,680 |
| **صوبہ بلوچستان** | | |
| گنداوا بلوچستان | 1,200 | 6,500 |
| جھل مگسی بلوچستان | 990 | 6,100 |
| بلوچستان کے دیگر علاقے | 300 | 1,750 |
| **صوبہ گلگت بلتستان** | | |
| اسکردو | 886 | 4,431 |
| کل میزان | 12,796 | 76,369 |

## کراچی اور پنجاب کی طرح میر پور خاص میں بڑے پیمانے پر اجتماعی قربانی

### ملک بھر میں قائم کردہ ۲۸۲ قرآنی مراکز میں نتائج کے اعتبار سے میر پور خاص کے مراکز سرِفہرست

### غربت کے ساتھ ساتھ قرآن مجید سے محبت اور دِلی لگاؤ اجتماعی قربانی کے موقع پر میر پور خاص کے لیے وجہِ ترجیح بن گیا

میر پور خاص (نمائندہ خصوصی دی انٹیلیکٹ) بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ کی طرف سے میر پور خاص میں بڑے پیمانے پر اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا گیا۔ بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ کے تحت ملک بھر میں قائم کردہ قرآنی مراکز کی ایک بڑی تعداد میر پور خاص میں نورِ قرآنی پھیلانے میں مصروفِ عمل ہے، اور میر پور خاص میں قائم کردہ قرآنی مراکز نہ صرف یہ کہ دینی تعلیم کے اعتبار سے ممتاز ہیں، بل کہ گزشتہ سالوں میں عمدہ نتائج کے اعتبار سے بھی سرِفہرست رہے ہیں۔ غربت تو پورے ملک میں ہی عام ہے، لیکن غربت کے ساتھ ساتھ اہلِ علاقہ کی قرآن مجید سے محبت اور دِلی لگاؤ نے اجتماعی قربانی کے موقع پر بیت السلام ویلفیئر ٹرسٹ کو میر پور خاص میں ترجیحی بنیادوں پر کام کرنے کا موقع دیا، چناں چہ میر پور خاص میں 1540 گھرانوں کے تقریباً 8,000 افراد میں اجتماعی قربانی کا بابرکت گوشت تقسیم ہوا۔

